# Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

30اپریل 2024

**تنظیمی معاملات، ملکی مجموعی سیاسی صورتحال، سیاسی حکمتِ عملی اور آئندہ کے لائحۂ عمل پر تفصیلی تبادلۂ خیال**

**پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے بانی چیئرمین اور ان کی اہلیہ کے خلاف مقدمات کو التواء میں ڈال کر انہیں انصاف سے محروم رکھنے کی شدید مذمت**

**جھوٹے، بے بنیاد، بیہودہ اور من گھڑت عدّت کیس میں درخواست گزار کے اپنے وکلاء کے ہمراہ جج کو دباؤ میں لانے اور بانی چیئرمین عمران خان کے وکیل سینئر ایڈووکیٹ سلمان اکرم راجہ پر رکیک حملے کی بھی شدید مذمت**

- اسلام آباد ہائیکورٹ کے ججز نے اپنے خط میں جن خفیہ قوتوں کی مداخلت کا ذکر کیا ان کے نشان ان مقدّمات میں بھی واضح ہیں۔
- ججز کو ڈرا دھمکا کر یا ٹاؤٹ درخواست گزاروں کو تھپکیاں دیکر عدالتی کارروائی میں شرمناک مداخلت اور عمران خان اور ان کی اہلیہ کو قید میں رکھنے کی کوششیں جاری ہیں۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- اسلام آباد ہائیکورٹ کے ججز کے خط پر عدالتی سماعت کے دوران چیف جسٹس آف پاکستان کا طرزِ عمل اور خیالات نہایت مایوس کن اور عدلیہ مخالف رہے۔
- پاکستان کی آئینی اور جمہوری تاریخ کے اس سنگین اور حسّاس ترین معاملے پر روزانہ کی بنیاد پر سماعت اور فل کورٹ کی تشکیل سے چیف جسٹس کا گریز نہایت افسوسناک ہے۔
- اپنے خط کے ذریعے عدلیہ کی آزادی پر ماری جانے والی شب خون کو قوم کے سامنے لانے اور ان ججز کی آواز میں آواز ملانے والے ججز خراجِ تحسین کے مستحق ہیں۔

**چیف جسٹس آف پاکستان سے مداخلت کاروں کی خاموش سرپرستی کی بجائے معاملے پر تمام ہائیکورٹس سے موصول ہونے والے جوابات کو منظرِ عام پر لانے کا مطالبہ۔**

**کور کمیٹی کی جانب سے پنجاب میں کسانوں کے معاشی قتل، گندم کی فصل کے ضیاع اور پرامن احتجاج کیلئے نکلنے والے کسانوں کیخلاف طاقت کے استعمال کی شدید مذمت**

**اجلاس میں بانی چیئرمین تحریک انصاف کی ہدایات کی روشنی میں ملک گیر پرامن احتجاجی تحریک کی تیاریوں پر بھی تفصیلی تبادلۂ خیال**

**بانی چیئرمین کی منظوری سے مسلم لیگ نواز، پیپلزپارٹی اور متحدہ قومی موومنٹ کے علاوہ تمام سیاسی جماعتوں سے سیاسی اشتراکِ عمل کے آپشنز پر بھی تفصیلی غور**

# 9 مئی کے بعد پاکستان تحریک انصاف سے علیحدگی اختیار کرنے والوں کے معاملے کو بانی چیئرمین تحریک انصاف کی جیل سے رہائی تک مکمل طور پر مؤخّر کرنے پر اتفاق

- پارٹی سے علیحدگی اختیار کرنے والوں کی جماعت میں واپسی کی درخواستوں کو رہائی کے بعد فیصلے کیلئے بانی چیئرمین عمران خان کے روبرو پیش کرنے پر اتفاق

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ